# ایز گارڈ نائن لمیٹڈ

ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کے نام بمعہ پروفائلز اور کیٹیگریز

## کیٹیگری برائے خاتون ڈائریکٹر

### ملیحہ صاردہ اعظم ۔ نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

محترمہ اعظم لاہور ہائی کورٹ کی وکیل اور مختلف کارپوریٹ کلائنٹ کی قانونی مشیر ہیں ۔ وہ سال 2007 میں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے لیگل ڈپارٹمنٹ میں خدمات سرانجام دے چکی ہیں ، ایس ای سی پی سے منسلک ہونے سے پہلے ، وہ 1997ء سے پرائیوٹ پریکٹس کے لئے راجہ محمد اکرم اینڈ کمپنی کے ساتھ منسلک رہیں جو کہ معتبر قانونی چارہ جوئی کا ادارہ ہے جس کی سرپرستی جناب سلمان اکرم راجہ کرتے ہیں ۔ وہ بینکنگ ، کمرشل اور کارپوریٹ قوانین بشمول انظمام اور حصول کے معاملات میں وسیع تجربہ رکھتی ہیں ۔ وہ پاکستان کے ساتھ ساتھ یورپ اور امریکہ میں بین الاقوامی تجارتی ثالثی بشمول کنسٹرکشن ثالثی کرانے کا تجربہ رکھتی ہیں ۔ وہ اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے سلسلے میں قومی ٹیرف کمیشن کے سامنے مختلف چائینیز کمپنیوں کی نمائندگی کر چکی ہیں ۔ وہ سال 2008ء سے ملک میں بین الاقوامی کاروباری ہاؤسز کی لیگل کونسل کے طور پر خدمات سرانجام دے چکی ہیں اور پاکستان اور یورپ میں کئی علی پروفائل کے انضمام اور ریگولیٹری ورز کروا چکی ہیں ۔ ان کا ملکی اور بین الاقوامی کارپوریٹ اور مالی لین دین اور معاہدوں بشمول جائنٹ وینچرز اور ریٹیلز سپلائی فرنچائزنگ وغیرہ کا وسیع تجربہ ہے ۔ محترمہ نے یونیورسٹی کالج لندن سے بین الاقوامی کاروباری قانون میں ایل ایل ایم کی ڈگری حاصل کی جہاں اپنے ماسٹر ڈگری کے لئے چیوننگ سکالر کے طور پر تعلیم حاصل کی ۔ وہ انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان سے سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر بھی ہیں ۔ وہ جنوری 2018 سے ایز گارڈ نائن لمیٹڈ کی ڈائریکٹر ہیں ۔

**پتہ:** مکان نمبر N-262، ماڈل ٹاون ایکسٹینشن ، لاہور ۔

## کیٹیگری برائے آزاد ڈائریکٹرز

### عابد حسین ۔ آزاد ڈائریکٹر

جناب عابد حسین 25 سال تجربہ کے حامل کاروباری شخصیت ہیں اور آج کل بحیثیت چیف ایگزیکٹیو آفیسر اور ڈائریکٹر میسرز سائن سورس لمیٹڈ ("SSL") کا انتظام چلا رہے ہیں ۔

SSL پاکستان کی آوٹ آف ہوم ، سب سے بڑی میڈیا اور اشتہاری کمپنی ہے جو ان لسٹڈ پبلک لمیٹڈ کمپنی ہے ۔ اس کے علاوہ وہ انفوٹینمنٹ ورلڈ پرائیویٹ لمیٹڈ (hotfm 105) کے ساتھ بطور منیجنگ پارٹنر منسلک ہیں ۔ جناب حسین کا گزشتہ کیریئر مایا ناز بین الاقوامی اور قومی اداروں بالخصوص مالیاتی اداروں کے ساتھ ہیومن ریسورس اینڈ ایڈمنسٹریشن ، آپریشنز مینجمنٹ ، مارکیٹنگ اور سیلز کے شعبوں میں تھا ۔ اپنے کیریئر کے دوران وہ سوسائٹی جنرل ، بروکن ہل پروپرائٹری ، جے ایس گروپ کے ساتھ منسلک رہے اور نیٹ ورک مائیکرو فنانس بینک میں بطور چیف آپریٹنگ آفیسر خدمات انجام دے چکے ہیں ۔ پیشہ ورانہ مصروفیات کے علاوہ وہ سماجی کارکن ہیں اور خیراتی ادارے مالکسٹون چیریٹیبل ٹرسٹ ("MCT") کے بورڈ آف ٹرسٹی کے ممبر ہیں جو کہ ایک غیر منافع بخش اور غیر سرکاری تنظیم ہے جسکا واحد مقصد نشونما میں کمی ، آٹزم ، ڈاون سینڈروم ، دماغی فالج سے متاثرہ بچوں کیلئے سہولت فراہم کرنا ہے ۔

تعلیمی لحاظ سے آپ بزنس ایڈمنسٹریشن میں ماسٹر ڈگری کے حامل ہیں اور انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان سے سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر بھی ہیں

**ڈائریکٹرشپس**

سائن سورس لمیٹڈ (نان لسٹڈ ۔ پبلک لمیٹڈ کمپنی)

ٹرانزٹ میڈیا (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ایز گارڈ نائن لمیٹڈ ۔ (لسٹڈ کمپنی)

ٹی آر جی پاکستان لمیٹڈ (لسٹڈ کمپنی)

**پتہ:** آفس نمبر 1009، 10 واں فلور ، بزنس ایونیو ، 26A ، بلاک 6 ، پی ای سی ایچ ایس ، مرکزی شاہراہ فیصل ، کراچی ۔

### احسان احمد ۔ آزاد ڈائریکٹر

جناب احسان احمد یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ، لاہور سے مکینیکل انجینئرنگ میں بیچلر ڈگری اور ایشین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی ، بنکاک ، تھائی لینڈ سے انڈسٹریل انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ میں ماسٹر ڈگری کے حامل ہیں ۔ انہوں نے ملکی اور بین الاقوامی سطح پر متعدد کورسز میں بھی شرکت کی ہے اور سرٹیفیکیشنز حاصل کی ہیں ۔

جناب احمد ایک کثیر الشعبہ جات بشمول تکنیکی آپریشنز ، پراجیکٹ مینجمنٹ ، سپلائی چین ، پروکیورمنٹ ، پروڈکشن ، لاجسٹکس ، کنٹریکٹ مینجمنٹ ، جنرل مینجمنٹ وغیرہ میں 30 سال سے زائد کا تجربہ کے حامل پروفیشنل ہیں ۔ وہ زیادہ تر پاکستان ٹوبیکو کمپنی لمیٹڈ ، پاکستان انجینئرنگ کمپنی لمیٹڈ اور پینتھر ٹائر لمیٹڈ کے ساتھ منسلک رہ چکے ہیں ۔

**پتہ:** ایز گارڈ نائن لمیٹڈ ، اسماعیل ایوان سائنس ، آف شاہراہ رومی ، لاہور

## کیٹیگری برائے دیگر ڈائریکٹرز

## ناصر علی خان بھٹی۔نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب ناصر علی خان بھٹی فیلو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ (ایف سی اے) ہیں اور صنعتی، مالیاتی (لیزنگ) اور سروسز (میڈیا) کے شعبوں میں اسٹریٹیجک بزنس پلاننگ، مالیاتی بجٹنگ اور فورکاسٹنگ، انٹرنل کنٹرول اور مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم، ریسورس پلاننگ، ٹیکسیشن، ریگولیٹری اکاؤنٹنگ اور ٹیکسیشن کے بڑے اسائنمنٹس میں متنوع تجربہ رکھتے ہیں۔ آپ ERP کے نفاذ میں بحیثیت ملازم اور مالیاتی کنسلٹنٹ بھی وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

جناب بھٹی نے این کے انڈسٹریز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، یونین لیزنگ، رحیم بخش گروپ آف کمپنیز، جے کے گروپ میں پاکستان اور بیرون ملک، انٹرلوپ لمیٹڈ، دینائی وی اور رنو زیپیر اور شادمان کاٹن ملز لمیٹڈ میں انتظامی ٹیم میں کام کیا ہے جہاں آپ اکاؤنٹس اور فنانس کے شعبہ جات کے سربراہ تھے۔ جناب بھٹی انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان سے سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر بھی ہیں۔ وہ فروری 2013 سے ایزگارڈ نائن لمیٹڈ کے ڈائریکٹر ہیں۔

**پتہ:** مکان نمبر C-197، ڈی ایچ اے ای ایم ای، ملتان روڈ، لاہور۔

## سید حسن اکبر کاظمی۔نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب کاظمی کینیڈا میں مقیم ایک پرائیویٹ ایکویٹی پروفیشنل اور کاروباری ہیں۔ وہ اپنی مشاورتی فرم تیوا اسکاٹ لینڈ انوسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ' چلاتے ہیں۔

پہلے وہ جے ایس گروپ میں ڈائریکٹر تھے اور گروپ کے شمالی امریکی آپریشنز کے سربراہ تھے۔ اپنی شمالی امریکی اسائنمنٹ سے پہلے وہ گروپ کے دبئی (یو اے ای) آفس میں آٹھ سال سے زیادہ عرصہ گروپ کے مشرق وسطی اور افریقہ کے سربراہ تھے۔ وہ TSX-V پر لسٹڈ ایک تیل اور گیس کمپنی جورا انرجی کارپوریشن (www.juraenergy.com) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں دس سال خدمات انجام دے چکے ہیں۔

جناب کاظمی پرائیویٹ ایکویٹی، انوسٹمنٹ بینکنگ اور کارپوریٹ فنانس کے پس منظر کے ساتھ ایشیا، مشرق وسطی اور شمالی امریکی معیشت میں متنوع صنعتی شعبوں بشمول سٹیل، گلاس، پاور، آئل اور گیس، فرٹیلائزر، سیمنٹ، ٹیکسٹائلز، ٹیلی کمیونیکیشنز، انفراسٹرکچر اور پورٹس، کیمیکلز، شوگر، ریئل اسٹیٹ، ایف ایم سی جی، آئرن اور اسٹیل، میڈیا اور انٹرٹینمنٹ، ایڈورٹائزنگ، ٹرانسپورٹیشن، ایوی ایشن اور فنانشل سروسز میں تجربہ رکھتے ہیں۔

جناب کاظمی جے ایس گروپ میں 19 سال سے زائد مختلف عہدوں بشمول پرائیویٹ ایکویٹی فنڈز، کارپوریٹ اور انوسٹمنٹ بینکنگ گروپ اور پرنسپل فنانس آفس میں اعلی عہدوں پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔

جناب کاظمی کو مئی 2016 میں پاکستان کی سب سے بڑی لسٹڈ کمپنی جے ایس گلوبل کیپیٹل لمیٹڈ (پی ایس ایکس پر لسٹڈ) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ممبر اور چیئرمین مقرر کیا گیا اور انہوں نے اس حیثیت میں جولائی 2017 تک خدمات انجام دیں۔

جے ایس گروپ سے پہلے وہ آرمی ویلفیئر ٹرسٹ (عسکری گروپ) میں گروپ ہیڈ انوسٹمنٹ پلاننگ اور مونیٹرنگ بنیادی طور پر چیف انوسٹمنٹ آفیسر (سی آئی او) تھے اور گروپ مینیجنگ ڈائریکٹر کو رپورٹ کرتے تھے۔

عسکری گروپ سے پہلے وہ فوجی فاؤنڈیشن (پاکستان کا ایک بڑا کاروباری گروپ) میں انوسٹمنٹ مینیجر تھے۔ اپنے کیریئر کے آغاز میں وہ لندن اور اسکاٹش میرین آئل کمپنی (LASMO اب ENI) اور رٹی بنک این اے پاکستان میں کام کر چکے ہیں۔

جناب کاظمی انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے) کراچی سے ایم بی اے کے ساتھ گریجویشن کی ہے اور کراچی یونیورسٹی سے معاشیات میں ماسٹر ڈگری (ایم اے اکنامکس) حاصل کی ہے۔

جناب کاظمی نے ہارورڈ بزنس اسکول (ایچ بی ایس)، آئی بی اے اور لمز میں مختلف ایگزیکٹو ایجوکیشن اور تربیتی پروگراموں میں شرکت کی ہے۔ انہوں نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (پی آئی سی جی) اور آئی ایف سی سے سرٹیفائیڈ ڈائریکٹرز ٹریننگ (کارپوریٹ گورننس لیڈر شپ سکلز) بھی مکمل کیا ہے۔ وہ انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ ڈائریکٹرز کینیڈا کے ممبر بھی ہیں۔

**پتہ:** 3217 ٹریل سائیڈ ڈی آر، اوک ویل، آن، L6M0N9، کینیڈا

## عثمان رشید۔نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب عثمان رشید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور سے کیمیکل میں بیچلر ڈگری رکھتے ہیں۔ وہ انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان سے سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر بھی ہیں۔ آپ کاروبار، آپریشن اور پراجیکٹ مینجمنٹ میں 20 سال سے زائد کے متنوع تجربے کے حامل پروفیشنل انجینئر ہیں۔ وہ ٹیکسٹائل انڈسٹری میں بزنس مینیجر کے طور پر آپریشن / پیداوار، لاگت میں کمی اور منصوبے کے امکانات اور توسیع کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ جناب رشید کا ڈینم گارمنٹ انڈسٹری کا وسیع تجربہ ہے۔ وہ ایک معروف برانڈ میں ڈیزائن، مرچنڈائزنگ اور امپورٹس کے سربراہ کے طور پر منسلک رہ چکے ہیں۔ وہ پاکستان میں ریٹیل بزنس میں ڈیزائن سے لیکر مینوفیکچرنگ اور مکمل ویلیو چین کا متنوع تجربہ رکھتے ہیں۔ وہ اپریل 2010 سے ایزگارڈ نائن لمیٹڈ کے ڈائریکٹر ہیں۔

**پتہ:** مکان نمبر 183، گلی نمبر 4، کیولری گراؤنڈ، لاہور کینٹ۔

## زاہد محمود۔ نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر

جناب زاہد محمود انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے فیلو ممبر ہیں اور اپنی آرٹیکل شپ EY Ford Rhodes سے 1996ء میں مکمل کر چکے ہیں۔ آپ ایف سی کالج اور یونیورسٹی لاہور سے ڈبل میتھ اور اسٹیٹیسٹکس میں گریجوایٹ اور وہ انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان سے سرٹیفائیڈ ڈائریکٹر بھی ہیں۔

جناب محمود مختلف لسٹڈ / ان لسٹڈ کمپنیوں میں ڈائریکٹر / چ ف فنانشل آفیسر اور کمپنی سیکرٹری کے طور پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ آپ مختلف شعبہ جات کی سرگرمیوں جیسا کہ فنانس، SAP ERP، جوائنٹ وینچرز، انوسٹمنٹس، رسک مینجمنٹ، بجٹنگ، ٹیکس، لیگل اور کارپوریٹ معاملات میں 25 سال سے زائد تجربے کے حامل پروفیشنل ہیں۔ وہ جون 2016 سے ایزگارڈ نائن لمیٹڈ کے ڈائریکٹر ہیں۔

پتہ: ایزگارڈ نائن لمیٹڈ، اسماعیل ایوان سائنس، عقب شاہراہ رومی، لاہور۔